تفہیم نمبر 1

ایک بلبل نے درخت پر گھر بنایا۔درخت کے نیچے ایک چیونٹی کا گھر تھا۔بلبل صبح اُٹھتا گیت گاتا، باغ میں اُڑتا اور خوش ہوتا۔ جبکہ چیونٹی گرمی کے موسم میں دن بھر محنت کرتی، جہاں سے کھانے کی چیز ملتی اُٹھا کر گھر لے آتی اور خوش ہوتی۔ ایک دن چیونٹی نے بلبل سے کہا ، ''تم دن بھر گھومتے رہتے ہو، جب سردی پڑے گی تو کیا کھاؤ گے؟''

آخر سردی کا موسم آگیا۔بلبل درخت پر سردی سے کانپ رہا تھا۔اُسے کھانے کو کچھ بھی نہیں ملتا تھا۔بلبل کو بھوک لگی تو وہ چیونٹی کے پاس آیا اور کھانے کے لیے کچھ مانگا۔ چیونٹی بولی، ''بُرا نہ مانو تو ایک بات کہوں، گرمیوں کا موسم تم نے گیت گا کر گزارا ، یہ بھی نہ سوچا کہ سردی کا موسم آئے گا تو کیا کھاؤ گے۔'' آخر میں چیونٹی نے بلبل سے کہا میری یہ بات یاد رکھنا ، ''جو کوئی آنے والے وقت کی فکر نہیں کرتا، اُسے مصیبت اُٹھانی ہی پڑتی ہے۔''

سوالوں کے جواب مکمل جملے کی صورت میں لکھیں۔

سوال نمبر۱۔ بلبل صبح اُٹھ کر کیا کرتا تھا؟

داب۔ ______________________________

____

____

سوال نمبر۲۔ گرمی کے موسم میں چیونٹی کیا کرتی تھی؟

داب۔ ______________________________

____

سوال نمبر۳۔ چیونٹی نے بلبل کو کیا بات یاد رکھنے کو کہا؟

اب۔ ______________________________

____

لا دیئے گئے پیراگراف کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

: درخت کے نیچے ایک ____________ کا گھر تھا۔

۱: سردی کا ____________ آ گیا۔

۲: بلبل کو ____________ لگی تو وہ چیونٹی کے پاس آیا۔

☆دیئے گئے پیراگراف کی مدد سے درست جواب کے گرد دائرہ ◯ لگائیں۔

ا: بلبل درخت پر کانپ رہا تھا:

(ا) گرمی سے (۲) سردی سے (۳) بھوک سے

۲: چیونٹی گرمی کے موسم میں دن بھر:

(ا) سوتی رہتی (۲) گھومتی پھرتی (۳) محنت کرتی

۳: درخت کے نیچے گھر تھا:

(ا) چیونٹی کا (۲) سانپ کا (۳) چڑیا کا

☆ جملے بنائیں:

الفاظ	جملے
سردی	
بھوک	
وقت	

تفہیم نمبر 2

تفہیم

آصف کے دوست مری کی سیر کے لیے جا رہے تھے۔ آصف اپنے دوستوں کے ساتھ مری نہیں جارہا تھا کیونکہ اس کے پاس پیسے نہیں تھے۔ اس کے امتحان میں نمبر کم آئے تھے، جس کی وجہ سے آصف کے ابو نے اس کا جیب خرچ بند کردیا تھا۔
آصف نے یہ بات جب اپنے دوست سعد کو بتائی تو اس نے کہا،"تم کچھ پیسے اپنے ابو کی جیب سے نکال لو اور ہمارے ساتھ سیر کرنے چلو، بڑا مزہ آئے گا۔" آصف نے کہا،"تمھارا مطلب ہے کہ میں ابو کی جیب سے پیسے چوری کروں۔" سعد نے جواب دیا،"تم ان سے بعد میں معافی مانگ لینا، وہ تمھیں معاف بھی کردیں گے۔" آصف جب گھر آیا تو وہ بہت پریشان تھا۔ ابو نے پریشانی کی وجہ پوچھی تو اس نے ساری بات ابو کو سچ سچ بتا دی۔ آصف کے ابو نے اسے سمجھایا کہ ہمیشہ اچھے لڑکوں سے دوستی کرنی چاہیے اور چوری کرنا بہت بری بات ہے۔
اسلام میں اسی لیے چوری کرنے والے کے لیے ہاتھ کاٹنے کی سخت سزا رکھی گئی ہے۔ آصف نے اپنے ابو سے وعدہ کیا کہ وہ آئندہ برے لڑکوں سے دوستی نہیں کرے گا۔

☆ سوالوں کے جواب مکمل جملے کی صورت میں لکھیں ۔

سوال نمبر ۱۔ آصف کے دوست کہاں جا رہے تھے؟

جواب۔ ________________________________

____

سوال نمبر ۲۔ آصف کے ابو نے اسے کیا سمجھایا؟

جواب۔ ________________________________

____

____

☆ دیئے گئے پیراگراف کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ آصف جب گھر آیا تو وہ بہت ________ تھا۔

۲۔ آصف اپنے دوستوں کے ساتھ ________ نہیں جارہا تھا۔

۳۔ آصف نے اپنے ________ سے وعدہ کیا کہ وہ آئندہ برے لڑکوں سے دوستی نہیں کرے گا۔

۴۔ آصف کے ابّو نے اس کا ________ بند کردیا تھا۔

تفہیم نمبر 3

درخت ہمارے لیے قدرت کا حسین تحفہ ہیں۔ درخت پہلے پودا ہوتا ہے اور پھر یہ بڑھ کر ایک مضبوط درخت بن جاتا ہے۔ درختوں کی دو قسمیں ہیں: پت جھڑیے اور سدابہار۔ پہلی قسم کے درختوں کے پتے خزاں کے موسم میں جھڑ جاتے ہیں۔ دوسری قسم کے درخت سارا سال سرسبز رہتے ہیں۔درخت اپنی خوراک ہوا اور مٹی سے حاصل کرتے ہیں۔ درختوں سے حاصل ہونے والی لکڑی ہمارے بہت کام آتی ہے۔لکڑی سے مختلف چیزیں مثلاً کاغذ، فرنیچر اور دروازے کھڑکیاں بنائے جاتے ہیں۔لکڑی سے کھلیوں کا سامان بھی تیار کیا جاتا ہے۔لکڑی جلانے کے کام بھی آتی ہے۔اس کے جلنے سے روشنی اور گرمی پیدا ہوتی ہے۔

درخت انسان کی اہم ضرورت ہیں۔ہمیں ان کی خوب حفاظت کرنی چاہیے۔ درخت ہمارے دوست ہیں اس لیے ہمیں چاہیے ہم اپنے اردگرد لگے درختوں کا خیال رکھیں اور زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں۔ درخت ہماری دوستی اور توجہ کے محتاج ہیں۔

☆ دیئے گئے سوالات کے جواب مکمل جملے کی صورت میں لکھیں۔

سوال نمبرا: درختوں کی کتنی قسمیں ہیں ان کے نام بتائیں؟

جواب: ____

____

سوال نمبر۲۔ درخت اپنی خوراک کہاں سے حاصل کرتے ہیں؟

جواب۔ ____

____

سوال نمبر۳۔ ہمیں درختوں کا خیال کیوں رکھنا چاہیے؟

سوال نمبر۴۔ دیئے گئے پیراگراف کی مدد سے درست جواب کے گرد دائرہ ◯ لگائیں۔

ا۔ درخت ہمارے لیے کس کا حسین تحفہ ہیں؟

ا۔ انسانوں کا   ۲۔ سائنس کا   ۳۔ قدرت کا

۲۔ درختوں سے ہمیں کیا حاصل ہوتا ہے؟

ا۔ لکڑی   ۲۔ روشنی   ۳۔ آگ

سوال نمبر۵۔ دیئے گئے پیراگراف کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

۔ لکڑی ____________ کے کام بھی آتی ہے۔

ا۔ درخت ____________ کی اہم ضرورت ہیں۔